## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور بزرگ رہنما شیخ لیاقت حسین کی علالت پر انتہائی تشویش کا اظہار

## الطاف حسین نے ہفتہ کی سہ پہر فون پر شیخ لیاقت حسین کی عیادت کی اوران کی صحتیابی کی دعا کی

## کارکنان اورحق پرست عوام شیخ لیاقت حسین کی صحتیابی اوردرازی عمر کیلئے دعا کریں۔الطاف حسین کی اپیل

## اللہ تعالیٰ شیخ لیاقت حسین کوصحت کامل عطا فرمائے اورانکی اولاد کوماں باپ کے تقدس کی اہمیت کا احساس دلائے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔6دسمبر2008ء۔۔۔ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اورمتحدہ قومی موومنٹ کے بزرگ رہنما شیخ لیاقت حسین کی علالت پر انتہائی تشویش کا اظہارکرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے حضوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کامل عطا فرمائے۔جناب الطاف حسین نے ہفتہ 6دسمبر کی سہ پہر شیخ لیاقت حسین کی فون پر عیادت کی اوران کی صحتیابی کی دعا کی۔انہوں نے اس موقع پر شیخ لیاقت حسین کی دیکھ بھال کرنے والی ان کی منہ بولی بیٹی ڈاکٹر سلمہ اورانکی صاحبزادی ڈاکٹر عائشہ علی سے بھی بات چیت کی اورانہیں شاباش دی جوشدید علالت میں شیخ لیاقت حسین کی خدمت کررہی ہیں۔جناب الطاف حسین نے اس بات پر بھی انتہائی غفگی کا اظہارکیا کہ شیخ لیاقت حسین کے صاحبزادے اور''عالم آن لائن'' کے میزبان ڈاکٹر عامرلیاقت حسین جو اپنے پروگرام میں والدین کے حقوق کی تبلیغ کرتے رہتے ہیں وہ اپنے والدکی شدید علالت اورکسمپرسی کی حالت میں گزشتہ کئی ماہ سے ان کی خیریت دریافت کرنے تک نہ آئے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شیخ لیاقت حسین کوصحت کامل عطا فرمائے اوران کی اولاد کوماں باپ کے تقدس کی اہمیت کا احساس دلائے۔انہوں نے کارکنان اورحق پرست عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ شیخ لیاقت حسین کی صحتیابی اوردرازی عمر کیلئے دعا کریں۔

## برنس روڈسیکٹر کمیٹی کے سابق سیکٹرممبر مرزامنصورالدین بیگ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن۔۔۔6،دسمبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم برنس روڈسیکٹر کی سابق سیکٹرکمیٹی کے رکن مرزامنصورالدین بیگ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## محبان پاکستان سعودی عرب کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن کی والدہ،لانڈھی سیکٹر کے کارکن کی والدہ اور برنس روڈسیکٹر کے سابق رکن مرزامنصورالدین بیگ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہارافسوس

کراچی۔۔۔6،دسمبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم برنس روڈسیکٹر کی سابق سیکٹر کمیٹی کے رکن مرزامنصورالدین بیگ،محبان پاکستان سعودیہ عرب کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن عتیق الرحمان کی والدہ محترمہ اورایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 87 کے کارکن محمد شاہد کی والدہ محترمہ جنت بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہارکیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کواپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل کی توفیق عطا کرے(آمین)۔

## جودہشت گردعناصر علم کواسلحہ کے زور پر پھیلنے سے روکنا چاہتے ہیں وہ ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں،سلیم شہزاد

## اے پی ایم ایس او کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔6،دسمبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا ہے کہ موجودہ دور میں تعلیم ترقی کی پہلی سیڑھی ہے اور جودہشت گردعناصر علم کواسلحہ کے زور پر پھیلنے سے روکنا چاہتے ہیں وہ ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے لال قلعہ گراؤنڈعزیز آباد میں آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پراے پی ایم ایس او کے چیئر مین اورمرکزی کابینہ کے اراکین بھی موجود تھے۔سلیم شہزاد نے کہا کہ علم کی بدولت ہی معاشرے میں عدل وانصاف اورآئین وقانون کی پاسداری یقینی بنائی جاسکتی ہے لہٰذا نوجوان نسل تعلیم پرخصوصی توجہ دے اورقائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کے فروغ کیلئے اپنا ہرممکن کردارادا کرے۔انہوں نے کہا کہ آج ملک جس نازک دور سے گزررہا ہے اس میں زندگی کے تمام شعبوں پراہم ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں اور سازشی عناصر کی سازشوں کے پیش نظر ضروری ہے کہ تمام قومیتوں کے افراد اپنے درمیان اتحاد ویکجہتی کی فضا کو برقراررکھیں اورسازشی عناصر پرکڑی نظر رکھیں۔انہوں نے مزید

کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف کی انتھک محنت اور جدوجہد کا نتیجہ ہے کہ 11 جون 1978ء کو جامعہ کراچی میں اے پی ایم ایس او کا قیام عمل میں آیا، اس دوران تحریک کو نامساعد حالات اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اور تحریک کے پیغام کو پھیلانے کیلئے چند ساتھی ہی تھے جنہوں نے تحریک کے نظریہ کا پرچار کیا بالآخر آج طلبہ تنظیم ایک سیاسی جماعت کی حیثیت سے جانی پہچانی جاتی ہے اور اس کامیابی میں کئی حق پرست شہدا کا لہو، کئی اسیروں اور جلاوطن کارکنوں کی قربانیاں شامل ہیں۔ سلیم شہزاد نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیانات کا بغور مطالعہ کریں اور تحریکی لیٹریچر زیادہ سے زیادہ پڑھیں اور اپنے یونٹوں میں اسٹڈی سرکل کا بھی انعقاد کریں

## شکست خوردہ اور مسترد کردہ سیاسی و مذہبی تنظیمیں ایم کیوایم کے خلاف زہریلے پروپیگنڈے کررہی ہیں مگر یہ شکست خوردہ عناصر اپنے ناپاک عزائم میں کامیاب نہیں ہوسکتے۔ ارکان قومی اسمبلی متحدہ قومی موومنٹ

کراچی ۔۔۔6، دسمبر 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ عوام کے ہاتھوں شکست خوردہ اور مسترد کردہ سیاسی و مذہبی تنظیمیں ایم کیوایم کے خلاف زہریلے پروپیگنڈے کررہی ہیں مگر یہ شکست خوردہ عناصر اپنے ناپاک عزائم میں کامیاب نہیں ہوسکتے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ایک عوامی جماعت ہے جسے تمام قومیتوں کی بھرپور حمایت حاصل ہے یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم 1987ء کے ہر عام انتخابات اور بلدیاتی انتخابات میں عوام کی بھرپور حمایت سے اپنی فتح کے جھنڈے گاڑتی رہی ہے لیکن بدقسمتی سے ملک پر قابض جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ ذہنیت رکھنے والے افراد اور بعض نام نہاد مذہبی سیاسی جماعتیں متحدہ قومی موومنٹ کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے بوکھلاہٹ کا شکار پہلے بھی تھیں اور آج بھی انہیں ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت ایک آنکھ نہیں بھارہی ہے اور وہ ایم کیوایم کے خلاف طرح طرح کی سازشوں اور گھناؤنے پروپیگنڈوں میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر ان ایم کیوایم دشمن عناصر کے پروپیگنڈوں میں حقیقت ہوتی تو آج عوام ایم کیوایم کے نہیں بلکہ ان ایم کیوایم دشمنوں کے ساتھ ہوتے لیکن عوام نے ان ایم کیوایم دشمن عناصر کو ایک بار نہیں بار بار مسترد کیا ہے اور ہر بار عبرتناک شکست سے دوچار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم دشمن عناصر چاہے کتنے ہی زہریلے پروپیگنڈے کرلیں اور چاہے کیسی ہی سازش کرلیں وہ اپنے ناپاک عزائم میں کامیاب نہیں ہوسکتے۔

## جماعت اسلامی نے ہمیشہ جلتی پر تیل چھڑک کر آگ لگائی ہے اور آج بھی وہ اپنی اسی روایتی شرپسندی میں مصروف ہے۔ ارکان سندھ اسمبلی متحدہ قومی موومنٹ

## جماعت اسلامی کو رئیس امروہوی کالونی اور قصبہ کالونی کے وہ جلے ہوئے مکانات کیوں نظر نہیں آتے جنہیں مسلح حملہ آوروں نے سفاکی سے لوٹ کر نذرآتش کردیا؟

## جماعت اسلامی کو ان معصوم و بے گناہ اردو بولنے والوں کی لاشیں کیوں نظر نہیں آتیں جنہیں رئیس امروہوی کالونی اور قصبہ کالونی پر حملے کے دوران گولیاں مار کر شہید کردیا گیا؟

کراچی ۔۔۔6، دسمبر 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے جماعت اسلامی کے رہنماؤں کی جانب سے ایم کیوایم پر بیجا الزام تراشیوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جماعت اسلامی نے ہمیشہ جلتی پر تیل چھڑک کر آگ لگائی ہے اور آج بھی وہ اپنی اسی روایتی شرپسندی میں مصروف ہے۔ اپنے ایک بیان میں ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ قبائلی علاقوں سے آکر مسلح طالبان کراچی کے کئی علاقوں پر قابض ہوچکے ہیں جس کے گواہ شہر کے عوام ہیں لیکن جماعت اسلامی کو کبھی بھی یہ نظر نہیں آیا بلکہ وہ انسانوں کو بیدردی سے ذبح کرنے والے اور خودکش بم دھماکے کرکے معصوم و بے گناہ شہریوں کو خون میں نہلانے والے طالبان کی حمایت کرتی رہی اور طالبانائزیشن کے خلاف آواز بلند کرنے کو لسانی رنگ دیتی رہی اور جب ان سفاک عناصر نے کراچی کے مختلف علاقوں میں معصوم و بے گناہ شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا تو جماعت اسلامی ان مسلح شرپسندوں کی دہشت گردی کی مذمت کرنے کے بجائے اپنی روایت کے مطابق ایم کیوایم کے خلاف بہتان تراشیوں میں مصروف ہے۔ ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ جماعت اسلامی کو رئیس امروہوی کالونی اور قصبہ کالونی کے وہ جلے ہوئے مکانات کیوں نظر نہیں آتے جنہیں مسلح حملہ آوروں نے سفاکی سے لوٹ کر نذرآتش کردیا؟ جماعت اسلامی کو ان معصوم و بے گناہ اردو بولنے والوں کی لاشیں کیوں نظر نہیں آتیں جنہیں رئیس امروہوی کالونی اور قصبہ کالونی پر حملے کے دوران گولیاں مار کر شہید کردیا گیا؟ جنہیں بنارس چوک پر بسوں سے اتار کر بیدردی سے گولیاں ماریں گئیں؟ ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین تو شہر میں قیام امن کیلئے تمام زبانیں بولنے والوں اور تمام جماعتوں سے امن کی بھیک مانگ رہے ہیں، ساری نفرتیں بھلا کر اور ایک دوسرے کو معاف کرکے ایک دوسرے کو گلے لگانے کی بات کررہے ہیں، ایم کیوایم کے کارکنان، ذمہ داران اور حق پرست نمائندے شہر میں امن کے قیام کیلئے کوشش کررہے ہیں لیکن جماعت اسلامی اپنی روایتی شرپسندانہ پالیسی پر عمل کرتے ہوئے جلتی پر تیل چھڑکنے اور آگ بھڑکانے میں مصروف ہے۔ جماعت اسلامی کے رہنماؤں کو متاثرہ لوگوں کے زخموں پر مرہم رکھنے اور ان سے ہمدردی کرنے کی توفیق تک نہیں ہوئی بلکہ وہ

احتجاج، مظاہروں اورایم کیوایم کے خلاف پروپیگنڈوں میں مصروف ہیں۔جماعت اسلامی کے اسی شرپسندانہ کردار کی وجہ سے کراچی کے عوام نے جماعت اسلامی کو بار بار مسترد کیا ہے۔ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ جماعت اسلامی اپنے اوچھے ہتھکنڈوں میں نہ ماضی میں کبھی کامیاب ہوسکی ہے اور نہ اب کامیاب ہوسکے گی۔

☆☆☆☆☆